وجهة نظر حول فتوى الشيخ محمد تقي العثماني حفظه الله عن الاحرام من جدة

بسم الله الرحمن الرحيم

الإحرام من جدة لمن مر على ميقات من المواقيت

حضرت مفتی اعظمؒ جواہر الفقہ ۱/۴۷۵ میں تحریر فرماتے ہیں: "اس لئے اہل پاکستان اور ہندوستان کی لئے تو احتیاط اسی میں ہے کہ ہوائی جہاز میں سوار ہونے کے وقت ہی احرام باندھ لیں، اگر بغیر احرام باندھے ہوئے ہوائی جہاز کے ذریعہ جدہ پہنچ گئے تو ان کے ذمہ دم یعنی قربانی ایک بکرے کی واجب ہو جائے گی"

اس پر سائل نے اشکال کیا اور پھر یہ جواب دیا: "اگر میقات پر بغیر احرام کے گزرنے سے دم واجب ہوا تو وہ عود الی المیقات سے ساقط ہو جائے گا، لیکن عود الی محاذاۃ المیقات سے ساقط نہیں ہوگا"۔

بندہ کی ناقص رائے میں یہ جواب نہایت موزوں ہے اور کلام فقہاء کے عین مطابق ہے۔

اس جواب پر **حضرت مفتی تقی صاحب** دامت برکاتہم العالیہ نے **فتاوی عثمانی** ۲/۲۱۰ میں تحریر فرمایا ہے: "یہ احتمال احقر کی نظر میں نیز دوسرے علماء جن سے مشورہ ہوا ان کی نظر میں بھی صحیح نہیں، کیونکہ محاذات جمیع احکام میں میقات کے قائم مقام ہے، اگر کوئی فرق ہوتا تو فقہائے کرام ضرور تصریح فرماتے"

بندہ کے نزدیک یہ جواب محل نظر ہے۔ وذلك لما يأتي:

أولا: صرح الفقهاء بأن من جاوز الميقات فعليه أن يعود إلى ميقاته أو إلى ميقات آخر حتى يسقط عنه الدم، **ولم يذكر أحد منهم أن من عاد إلى محاذاة الميقات سقط عنه الدم.**

قال في البدائع ٢/١٦٥: "ولو عاد **إلى ميقات آخر** غير الذي جاوزه قبل أن يفعل شيئا من أفعال الحج سقط عنه الدم، **وعوده إلى هذا الميقات وإلى ميقات آخر سواء**".

وقال في البحر الرائق ٣/٥١-٥٢: "من جاوز آخر المواقيت بغير إحرام ثم عاد إليه، وهو محرم، ولبى فيه فقد سقط عنه الدم الذي لزمه بالمجاوزة بغير إحرام؛ لأنه قد تدارك ما فاته...، وأطلق في العود فشمل ما إذا **عاد إلى الميقات الذي جاوزه غير محرم أو إلى غيره أقرب أو أبعد؛ لأن المواقيت كلها سواء في حق الإحرام**، والأولى أن يحرم من وقته كذا في المحيط".

ثانيا: أن الفقهاء فرقوا بين المواقيت وبين ما يحاذيها، وصرحوا بأن المحاذاة إنما تعتبر عند عدم المرور على المواقيت، **أما من مر على الميقات فليس له أن يحرم من محاذاة ميقات آخر.**

قال الكمال بن الهمام في الفتح ٢/٤٢٦: "هذا ومن كان في بحر أو بر **لا يمر بواحد من المواقيت المذكورة** فعليه أن يحرم إذا حاذى آخرها، ويعرف بالاجتهاد فعليه أن يجتهد، فإن لم يكن بحيث يحاذي فعلى مرحلتين من مكة".

وقال العلامة ابن نجيم في البحر الرائق ٢/٣٤٢: "**المحاذاة إنما تعتبر عند عدم المرور على المواقيت**".

دار الافتاء نمبر ۶۷/۱۷۲۳

وقال في مجمع الأنهر ١/ ٢٦٦: "فإن كان في بر أو بحر **لا يمر بواحد من هذه المواقيت المذكورة** قالوا عليه أن يحرم إذا حاذى آخرها".

وقال في الدر المختار ٢/٤٧٦: "ولو مر بميقاتين فإحرامه من الأبعد أفضل ولو أحره إلى الثاني لا شيء عليه على المذهب، وعبارة اللباب سقط عنه الدم، **ولو لم يمر بها تحرى وأحرم إذا حاذى أحدها** وأبعدها أفضل، فإن لم يكن بحيث يحاذي فعلى مرحلتين"

وقال الملا علي قاري في المناسك: ص٥٦: "(فمن سلك غير ميقات) **أي طريقا ليس فيه ميقات معين** (برا أو بحرا أو أحرم إذا حاذى ميقاتا منها)، أي من المواقيت المعروفة".

وقال الميداني في اللباب ١/١٨٠: "الواجب على من مر بميقاتين لا يتجاوز آخرهما إلا محرماً، ومن الأول أفضل، **وإن لم يمر بميقات تحرى وأحرم إذا حاذى أحدها**، وإن لم يكن بحيث يحاذي أحدها فعلى مرحلتين".

وقال المحقق ابن عابدين في رد المحتار ٢/٤٧٦: "وجوب الإحرام بالمحاذاة **إنما يعتبر عند عدم المرور على المواقيت** أما لو مر عليها فلا يجوز له مجاوزة آخر ما يمر عليه منها وإن كان يحاذي بعده ميقاتا آخر".

وقال في غنية الناسك ص٥٣: "فلو مر بميقات ومحاذاة الثاني **لا تعتبر المحاذاة**".

ثالثا: نص عامة فقهاء الحنفية على أن جدة لا يجوز الإحرام منها إلا لمن لم يمر على المواقيت ولا على محاذاتها، وذلك لأنها تقع على مرحلتين، والإحرام من مسافة مرحلتين مشروط بما قلنا. قال الملا علي قاري في المناسك ص٥٦: "**وإن لم يعلم المحاذاة** فعلى مرحلتين من مكة كجدة".

وقال في غنية الناسك ص٥٣ -٥٤: "**وإن لم يعلم المحاذاة** فعلى مرحلتين عرفيتين من مكة، كجدة من طرف البحر، فإنها على مرحلتين عرفيتين من مكة وثلاث مراحل شرعية (طوالع)".

رابعا: جن اکابر نے جدہ سے احرام باندھنے کو جائز کہا ہے اسکو مطلقا میقات کے قائم مقام نہیں مانا ہے، بلکہ عدم مرور علی المیقات یا عدم المرور علی المحاذاۃ کی شرط لگائی ہے، عمدۃ الناسک ص۵۷ میں ہے: "جدہ اگرچہ خود میقات معینہ میں سے نہیں اور نہ کسی میقات یا اسکے محاذات کے اندر واقع ہے، پس جو حاجی بحری راستہ سے اس طرف سے آئیں جو کسی میقات معینہ یا اس کے محاذ کے اندر حل میں داخل نہ ہوتا ہوا آیا ہو جیسے یہ جہاز آتا ہے تو یہ لوگ جدہ ہی سے احرام باندھ لیں کہ یہ مکہ مکرمہ سے دو منزل دور ہے جیسا روایات سے معلوم ہوگا"۔

فتاوی محمودیہ (طبع فاروقیہ) ۱۰/۳۸۶ میں ہے:" جس کے راستہ میں مواقیت مخصوصہ واقع نہ ہوں، یا ان کی محاذات کا علم نہ ہو اور بحری راستہ سے آرہا ہو تو اس کے حق میں جدہ میقات ہے، "من سلك: أي طريقا ليس فيه ميقات معين برا أو بحرا، اجتهد إذا حاذى ميقاتا منها: أي من المواقيت المعروفة. وإن لم يعلم المحاذاة، فعلى مرحلتين من مكة كجدة المحروسة من طرف البحر"، اهـ، شرح المنسك المتوسط"

وفی منتخبات نظام الفتاوی: ۲/۱۸۰ " جو لوگ حدود میقات تجاوز کر کے جدہ وغیرہ میں احرام باندھیں گیں تو یہ فعل ان کے لئے جائز نہ ہوگا...

مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص حدود میقات سے تجاوز کئے بغیر مکہ مکرمہ کے قریب پہنچ جائے اور میقات و محاذات میقات کا علم و یقین نہ ہو تو کعبۃ اللہ کی تشریف و تکریم کے پیش نظر مکہ مکرمہ سے دو منزل کی دوری پر ہی احرام باندھ لے اور بغیر احرام باندھے ہوئے آگے نہ بڑھے كما في الدر المختار على هامش الشامي -، اور اسی وجہ سے حجاج کرام جو مشرق سے بحری جہاز سے بحر ہند میں سفر کرتے ہوئے آج کل جدہ پہونچتے ہیں تو ان پر جدہ سے احرام باندھنا واجب و ضروری ہو جاتا ہے، اور بغیر احرام باندھے ہوئے آگے بڑھنا جائز نہیں رہتا۔ اور جدہ سے قبل چونکہ کسی میقات یا کسی میقات کی محاذاۃ سے تجاوز نہیں ہوتا اور نہ دو منزل سے کم کا فاصلہ مکہ مکرمہ سے کہیں ہوتا ہے، اس لیئے جدہ پہونچنے سے قبل احرام باندھنا واجب و لازم نہیں ہوتا"

خامسا: حضرت محشی (مولانا محمد زبیر) صاحب نے دو قدم آگے بڑھ کر یہ دعوی کر دیا کہ "حضرات فقہائے کرام رحمہم اللہ نے محاذات میقات پر عود کرنے پر بھی سقوط دم کی تصریح فرمائی ہے" اور وہ اپنے اس دعوے پر کوئی دلیل پیش نہ کر سکے، بلکہ غنیۃ الناسک کی عبارت کو سیاق و سباق سے کاٹ کر بے محل استدلال کرنے کی کوشش کی ہے، اگر غور کرتے تو یہ بات واضح ہو جاتی کہ عبارت کا تعلق رجوع إلى الميقات المحاذي للميقات الأول سے ہے نہ کہ رجوع إلى محاذاة الميقات سے، اور تعجب یہ ہے کہ عبارت میں صرف امام ابو یوسفؒ کے قول کا ذکر ہے جو کہ دوسرے فقہاء کے خلاف ہے، لیکن محشی صاحب نے جرأت کر کے اس کو تمام فقہائے کرام کی طرف منسوب کر دیا۔ مع العلم بأن صاحب الغنية قد نفى هذا المفهوم صراحة في مواضع عدة من كتابه، وقد نقلنا بعض كلامه آنفا.

وعبارة الغنية ص٦٠ هي: "آفاقي مسلم مكلف أراد دخول مكة أو الحرم، ولو لتجارة أو سياحة، وجاوز آخر مواقيته غير محرم، ثم أحرم أو لم يحرم، أثم ولزمه دم، **وعليه العود إلى ميقاته الذي جاوزه، أو إلى غيره أقرب أو أبعد** وإلى ميقاته الذي جاوزه أفضل، وعن أبي يوسف رحمه الله تعالى: إن كان **الذي يرجع إليه محاذيا لميقاته الذي جاوزه** أو أبعد منه سقط الدم، وإلا فلا".

فالعبارة صريحة في أن المراد بالرجوع في قول أبي يوسف هو الرجوع إلى الميقات المحاذي لميقاته الذي تجاوزه، وليس الرجوع إلى محاذاة الميقات، وقول أبي يوسف معروف ومشهور في كتب الفقه، لا يلتبس على المتأمل.

قال **الكاساني في البدائع** ١٦٥/٢: "ولو عاد إلى ميقات آخر غير الذي جاوزه قبل أن يفعل شيئا من أفعال الحج سقط عنه الدم، وعوده إلى هذا الميقات وإلى ميقات آخر سواء. **وروي عن أبي يوسف أنه فصل في ذلك تفصيلا** فقال: **إن كان الميقات الذي عاد إليه يحاذي الميقات الأول أو أبعد من الحرم** يسقط عنه الدم، وإلا فلا، والصحيح جواب ظاهر الرواية".

وقال **البابرتي في العناية** ١٠٩/٣: "وعن أبي يوسف أنه قال: **ينظر إن عاد إلى ميقات، وذلك الميقات يحاذي الميقات الأول أو أبعد إلى الحرم** سقط عنه الدم وإلا فلا".

وكتبه الفقير إلى عفو ربه

محمد عمر شفيق الندوي

باحث شرعي بمجمع الفقه الإسلامي الدولي بجدة سابقا

0205

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب حامداومصلیا

میقات سے بلا احرام گزرنے کے بعد اگر دوسرے میقات کی محاذات سے احرام باندھا تو دم واجب ہوگا یا ساقط ہو جائیگا؟ اس بارے میں فقہاء کرام کی بعض عبارات بہت واضح ہیں کہ میقات سے گزرنے کے بعد کسی اور میقات کی محاذات سے احرام باندھنے کا اعتبار نہیں۔ میقات کی طرف عود ہی سے دم ساقط ہوگا، چاہے وہ اپنی میقات نہ بھی ہو۔ بعض عبارات درج ذیل ہیں:

فی غنیة الناسک ص ۵۳

تنبیه :فلو مر بمیقات ومحاذاة الثانی لاتعتبر المحاذاة (ضیاء الابصار) ولعل وجهه ان المحاذاة لم تعتبر میقاتا بالنص ، انما الحقت بالمیقات اجتهادا بالقیاس علیه فی حرمة مجاوزته بلا احرام بعلة تعظیم الحرم المحترم، فکذا فی جواز الاحرام عنه ایضا دفعا للحرج مع ان احرامه من عین المیقات اولی ،ولم تلحق به فی جواز ترک المیقات الیه ،لانه حکم ثبت للمیقات بالنص علی خلاف القیاس ،فغیره علیه لایقاس۔ والله سبحانه وتعالی اعلم

فی غنیة الناسک :ص ۵۴

تنبیه :فلو کان یمر بواحد منها عینا فلا تعتبر المحاذاة بعده کما فصله فی رد المحتار.

فی الشامیة:(2/ 476)

(قوله ولو لم یمر بها إلخ) کذا فی الفتح .ومفاده أن وجوب الإحرام بالمحاذاة إنما یعتبر عند عدم المرور علی المواقیت أما لو مر علیها فلا یجوز له مجاوزة آخر ما یمر علیه منها وإن کان یحاذی بعده میقاتا آخر وبذلك أجاب صاحب البحر عما أورده علیه العلامة ابن حجر الهیتمی الشافعی حین اجتماعه به فی مکة من أنه ینبغی علی مدعاکم أن لا یلزم الشامی والمصری الإحرام من رابغ، بل من خلیص لمحاذاته لآخر المواقیت، وهو قرن المنازل.

وأجابه بجواب آخر وهو أن مرادهم المحاذاة القریبة، ومحاذاة المارین بقرن بعیدة لأن بینهم وبینه بعض جبال، لکن نازعه فی النهر بأنه لا فرق بین القریبة والبعیدة.

البحرالرائق (2/ 342)

وقد قالوا ومن کان فی بر اوبحر لا یمر بواحد من هذه المواقیت المذکورة فعلیه أن یحرم إذا حاذی آخرها ویعرف بالاجتهاد وعلیه أن یجتهد فإذا لم یکن بحیث یحاذی فعلی مرحلتین إلی مکة ولعل مرادهم بالمحاذاة المحاذاة القریبة من المیقات وإلا فآخر المواقیت باعتبار المحاذاة قرن المنازل.

ذکرلی بعض اهل العلم من الشافعیة المقیمین بمکة فی الحجة الرابعة للعبدالضعیف ان المحاذاة حاصلة فی هذا المیقات فینبغی علی مذهب الحنفیة أن لا یلزم الإحرام من رابغ

بل من خليص القرية المعروفة فإنه حينئذ يكون محاذيا لآخر المواقيت وهو قرن فأجبته بجوابين الأول أن احرام المصرى والشامى لم يكن بالمحاذاة وإنما هو بالمرور على الجحفة وإن لم تكن معروفة وإحرامهم قبلها احتياطا والمحاذاة إنما تعتبر عند عدم المرور على المواقيت.

الثانى أن مرادهم المحاذاة القريبة ومحاذاة المارين لقرن بعيدة لأن بينهم وبينه بعض جبال والله أعلم بحقيقة الحال.

فى النهر الفائق(بعدنقل نقل عبارة البحر)

وأقول :فى الثانى ما لا يخفى لأن من لا يمر على المواقيت يحرم إذا حاذى آخرها قربت المحاذاة أو بعدت والحاصل أن الآفاقى إذا قصد دخول مكة وجب عليه الإحرام من آخر المواقيت سواء أراد الحج أو العمرة أو القتال أو التجارة أو غير ذلك .

معلم الحجاج:ص۹۳

مسئلہ: راستہ میں ایک میقات سے گزرنا ہے اور دوسری میقات کے محاذ سے بھی گزر ہوگا تو پہلی میقات سے احرام باندھنا واجب ہے دوسری میقات کی محاذات کا اعتبار نہ ہوگا۔

رفیق حج ص۸۹

''ہوائی راستے سے جانے والوں کا حکم:

کراچی سے جدہ جانے والا ہوائی جہاز اہل نجد یا اہل عراق کی میقات یا ان کے محاذات سے گزرتا ہوا بلکہ بعض اوقات حد حرم کے اوپر سے گزرتا ہوا جدہ پہنچتا ہے۔اسلئے کراچی سے بذریعہ ہوائی جہاز جانے والوں کیلئے یہ گنجائش نہیں ہے کہ وہ جدہ پہنچنے تک احرام کو موخر کریں۔''

اس کے علاوہ بقیہ ایسی عبارات ہیں جن میں یہ جزئیہ صریح تو نہیں ہے ،البتہ اندازِ بیان سے ایسا لگتا ہے کہ میقات سے بلا احرام تجاوز کے بعد رجوع الی المیقات ہی سے دم ساقط ہوتا ہے،محاذات میقات کی طرف عود سے دم ساقط نہیں ہوگا۔کمافی العبارات الآتیۃ:

الدر المختار(580 /2)

فإن عاد) إلى ميقات ما (ثم أحرم أو) عاد إليه حال كونه (محرما لم يشرع فى نسك)... (ولبى)...(سقط دمه)

فى الشامية:(قوله إلى ميقات ما) فى بعض النسخ بدون لفظة ما، وعلى كل فالمراد أى ميقات كان، سواء كان ميقاته الذى جاوزه غير محرم أو غيره أقرب أو أبعد لأنها كلها فى حق المحرم سواء .والأولى أن يحرم من وقته بحر عن المحيط

یہاں علامہ شامی رحمہ اللہ نے عود کی ان صورتوں کو جمع فرمایا ہے جن میں دم ساقط ہوتا ہے،اگر عود الی

محاذاۃ المیقاۃ سے بھی دم ساقط ہوتا تو اس کو بھی ذکر فرماتے، لانہ موضع بیان۔

اسی طرح علامہ ابن الھمام کی صنیع سے بھی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ عود الی محاذاۃ المیقات کافی نہیں:

والحاصل أن الآفاقي إذا وصل إلى ميقات من مواقيت الآفاقيين فإما أن يكون بعد ميقات آخر في طريقه أو لا .فإن كان جاز له مجاوزته إلى الميقات الأخير، وإن لم يكن وجب عليه الإحرام منه كالميقات الأخير .فإن لم يحرم حتى جاوزه، فإن عاد قبل استلام الحجر إلى الميقات فلبى عنده سقط عنه دم المجاوزة اتفاقا. الخ .(فتح القدير ج٣ ص ١٠٩)

اگر محاذات کافی ہوتا تو اسکو بھی ذکر فرماتے۔

زبدۃ المناسک میں ہے:

مسئلہ: جدہ اگرچہ خود میقات معینہ میں سے نہیں اور نہ کسی میقات یا اس کے محاذ کے اندر واقع ہے، پس جو حاجی بحری راستہ سے اس طرف سے آئیں جو کسی میقات معینہ یا اس کے محاذ کے اندر محل میں داخل نہ ہوتا ہو آیا ہو جیسے یہ جہاز آتا ہے تو یہ لوگ جدہ ہی سے احرام باندھ لیں کہ یہ مکہ مکرمہ سے دو منزل دور ہے۔ (ص ۵۷)

البتہ پاکستان سے جدہ جاتے وقت جہاز عموماً عین میقات سے نہیں گزرتا، بلکہ عین میقات سے ہٹ کر محاذات سے گزرتا ہے، اور فقہاء کرام نے لکھا ہے کہ اگر دو میقاتوں کی محاذات سے گزرہو تو دوسری میقات کی محاذات سے احرام واجب ہے پہلی میقات کی محاذات سے احرام واجب نہیں۔ اور جدہ بھی مکہ مکرمہ سے مرحلتین پر واقع ہونے کی وجہ سے بحکم محاذات ہے، اسلئے وہاں سے احرام باندھنا موجب دم نہ ہوگا۔

فتح القدير للكمال ابن الهمام (2/ 426)

ومن كان في بحر أو بر لا يمر بواحد من المواقيت المذكورة فعليه أن يحرم إذا حاذى آخرها، ويعرف بالاجتهاد

الفتاوى الهندية (1/ 221)

وإن سلك بين الميقاتين في البحر أو البر اجتهد وأحرم إذا حاذى ميقاتا منهما وأبعدهما أولى بالإحرام منه كذا في التبيين

الدر المختار (2/ 476)

وقالوا ولو مر بميقاتين فإحرامه من الأبعد أفضل ولو أخره إلى الثاني لا شيء عليه على المذهب وعبارة اللباب سقط عنه الدم ولو لم يمر بها تحرى وأحرم إذا حاذى أحدها وأبعدها أفضل.

غنية الناسک ص ۵۳

ومن كان في بحر او بر لايمر بواحد من المواقيت الخمس تحرى اذا لم يجد

من يستحبره واحرم اذا غلب على ظنه انه حاذى آخرها ، فربت المحاذاة من الميقات او بعدت ، كما فى رد المحتار عن النهر ، ومن حذو الابعد اولى .

معلم الحجاج ص ۹۳

''اسی طرح اگر (کسی کے راستے میں) دو میقاتوں کی محاذات پڑتی ہیں تو پہلی میقات کی محاذات سے احرام باندھنا افضل ہے''

تاہم احتیاط اس میں ہے کہ ہوائی جہاز کا مسافر جدہ تک احرام موخر نہ کرے، اس کی دو وجہیں ہیں:

ایک یہ ہے کہ جہاز کا راستہ تبدیل ہوتا رہتا ہے، ممکن ہے کہ کسی وقت عین میقات سے گزر جائے، ایسی صورت میں جدہ سے احرام باندھنا موجب دم ہوگا۔

دوم یہ کہ اس مسئلہ میں علماء عصر کا اختلاف ہے کہ جدہ محاذات میقات کے حکم میں ہے یا نہیں؟ مفتی اعظم پاکستان حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا شیر محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ (مولف عمدۃ الناسک) کی تحقیق کے مطابق جدہ محاذات کے حکم میں ہے، جبکہ حضرت مولانا یوسف بنوری رحمہ اللہ، حضرت مفتی ولی حسن ٹونکی رحمہ اللہ اور حضرت مفتی رشید احمد صاحب رحمہ اللہ کی تحقیق یہ تھی کہ جدہ داخل میقات ہے اور اس تک احرام موخر کرنا جائز نہیں۔ (تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو فتاوی بینات ج ۳ ص ۹۸ تا ۱۱۱) ان حضرات علماء کرامؒ کے نزدیک جدہ تک احرام موخر کرنا بہر صورت موجب دم ہے۔ اور اختلاف علماء کی صورت میں احوط کو اختیار کرنا چاہیئے۔ حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ بحری مسافروں کیلئے جدہ سے احرام باندھنے کے مسئلہ میں اختلاف علماء نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

''ایسے حالات میں کہ اس مسئلہ میں علماء کا اختلاف رائے ہے احتیاط اسی میں ہے کہ بحری جہاز میں یلملم ہی سے احرام باندھ لیں، یا ساحل جدہ پر اترنے سے پہلے احرام باندھ لیں، کیونکہ حسب تصریح فقہاء محل اختلاف میں احتیاط کا پہلو اختیار کرنا بہتر ہے'' (جواہر الفقہ ج ۴ ص ۵۴)

واللہ اعلم بالصواب

(سید حسین احمد)

دار الافتاء جامعہ دار العلوم کراچی

۲۹ ذو القعدہ ۱۴۳۶ھ

۱۴ ستمبر ۲۰۱۵ء

دار الافتاء
فتویٰ نمبر ۶۷/۱۷۴۳
۳۶/۱۲/۲
۲۰۱۵/۹/۱۴

الجواب صحیح
سید محمد تقی عثمانی عفی عنہ
۳۶-۱۱-۳۰ھ

مفتی

الجواب صحیح
شاہ محمد تفضل علی عفی عنہ
۱۴۳۶/۱۲/۲

الجواب صحیح
عبد المنان نورپوری
۱۴۳۶/۱۲/۱ھ

نائب مفتی

الجواب صحیح
احقر محمود اشرف غفر اللہ
۱۴۳۶/۱۲/۱ھ

مفتی

0209